SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VII مجریہ ۱۹۷۹

SINDH ORDINANCE NO. VII OF 1979

سندھ کنزیومرس کاؤنسل (ڈزولیوشن) آرڈیننس، ۱۹۷۹

THE SINDH CONSUMERS' COUNCIL (DISSOLUTION) ORDINANCE, 1979

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and Commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ کاؤنسل کا خاتمہ

Dissolution of Council

۴۔ قواعد

Rules

سندھ آرڈیننس نمبر VII مجریہ ۱۹۷۹
SINDH ORDINANCE NO. VII OF 1979
سندھ کنزیومرس کاؤنسل (ڈزولیوشن) آرڈیننس، ۱۹۷۹
THE SINDH CONSUMERS' COUNCIL (DISSOLUTION) ORDINANCE, 1979

[۱۴ مارچ ۱۹۷۹]

آرڈیننس جس کی توسط سے کنزیومرس کاؤنسل کو تحلیل کرنے کے عمل کی توثیق کی جائے گی اور اس کے اثاثوں کو استعمال میں لانے کا اہتمام کیا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ کنزیومرس کاؤنسل کو تحلیل کرنے کے عمل کی توثیق کی جائے گی اور اس کے اثاثوں کو استعمال میں لانے کا اہتمام کرنا مقصود ہے۔

اب اس لیئے، ۵ جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان جس کو قوانین (نافذ ہونے والا تسلسل) والے حکم، ۱۹۷۷ کے ساتھ پڑھا جائے، اس کی روشنی میں گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and Commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ کنزیومرس کاؤنسل (ڈزولیوشن) آرڈیننس، ۱۹۷۹ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا اور اس کا اثر کسی قانون یا قواعد، یا بائی لاز، آئین یا میمورنڈم آف ایسوسی ایشن یا کسی کورٹ کے فیصلے، حکم یا ڈکری پر نہیں پڑے گا۔

تعریف
Definitions

۲۔ اس آرڈیننس میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو تب تک:

(a) "کاؤنسل" مطلب ۲۴ نومبر ۱۹۷۳ پر گورنمنٹ لیٹر No.1.5/104 کے ذریعے بنائی گئی کنزیومرس کاؤنسل؛

(b) "بورڈ" مطلب ۳۰ اکتوبر ۱۹۷۰ پر گورنمنٹ نوٹی فکیشن No.S.O(Dev)-3-6/70 میں بتائی گئی قیمتیں مقرر کرنے والا بورڈ۔

(c) "گورنمنٹ" مطلب سندھ حکومت۔

کاؤنسل کا خاتمہ
Dissolution of Council

۳۔ (۱) کاؤنسل کو گورنمنٹ میمو No.E&A(SPSB)/18-9-74 مورخہ ۲۵ آگسٹ ۱۹۷۷ موجب ختم سمجھا جائے گا۔

(۲) تحلیل کردہ کاؤنسل کے سب اثاثے اور ذمیداریاں اس کے ختم ہونے پر، تبدیل ہو جائیں گی، جیسے صورتحال ہو۔

(۳) حکومت کسی بھی وقت اس آرڈیننس کے نافذ ہونے پر بورڈ کو اتھارٹی سے تبدیل کر سکتی ہے اور جیسے مناسب سمجھے، اگر ایسی اتھارٹی مقرر کی جاتی ہے تو پھر کاؤنسل کے اثاثے اور ذمیداریاں اس کی طرف منتقل ہو جائیں گی۔

قواعد
Rules

۴۔ اس آرڈیننس کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے حکومت قواعد بنا سکتی ہے، جن کے مطابق کاؤنسل کے اثاثوں کے استعمال کا طریقہ بھی شامل ہو گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔